Date:19-12-2016

# شیعہ کا جنازہ پڑھنا کیسا

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

**الاستفتاء**: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ شیعہ کا جنازہ پڑھنا کیسا؟

سائل: عثمان قمر فرام لندن۔ انگلینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

اگر وہ شیعہ ضروریاتِ دین کا منکر ہے، مثلاً یہ اعتقاد رکھتا ہے کہ قرآن کریم میں کچھ سورتیں یا آیتیں کم ہیں یا یہ کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم یا دیگر ائمہ اطہار انبیاء کرام علیہم الصلٰوۃ والتسلیم میں سے کسی نبی سے افضل ہیں جب تو وہ کافر مرتد ہے اور اس کے جنازہ کی نماز پڑھنا حرامِ قطعی وگناہِ شدید ہے۔

اللہ عزوجل فرماتا ہے: وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓی اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰی قَبْرِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَاتُوْا وَهُمْ فٰسِقُوْنَ ۔اور ان میں سے کسی کی میّت پر کبھی نماز نہ پڑھنا اور نہ اس کی قبر پر کھڑے ہونا بیشک اللّٰہ اور رسول سے منکر ہوئے اور فسق [کفر] ہی میں مر گئے [التوبہ: 84]

اگر کوئی شخص ایسے کافر شیعہ کے حال کو جانتا اور اس کے کفریات سے واقف تھا پھر اسے مغفرت کے قابل جانتے ہوئے اس کی نماز جنازہ پڑھے تو ایسا شخص کو کلمہ پڑھ کر تجدید اسلام اور اپنی بیوی سے دوبارہ از سر نو نکاح کرنا چاہئے۔ جیسا کہ حلیہ میں ہے کہ الدعاء بالمغفرۃ للکافر کفر لطلبہ تکذیب اللہ تعالٰی فیما اخبر بہ: کافر کے لئے دُعائے مغفرت کفر ہے کیونکہ یہ خبر الٰہی کی تکذیب کا طالب ہے۔

[حلیہ المحلی شرح منیۃ المصلی]

اگر وہ شیعہ ضروریاتِ دین کا منکر نہیں مگر تبرائی [صحابہ کرام کو برا بھلا کہتا ہے] ہے تو جمہور ائمہ وفقہا کے نزدیک اس کی نماز جنازہ پڑھنا حرام ہے، پڑھنے والے کو توبہ و استغفار کرنا ضروری مگر تجدید اسلام ضروری نہیں۔ کما فی خلاصۃ وفتح القدیر وتنویر الابصار والدر المختار والفتاوی رضویہ ۔

اور اگر وہ صرف تفضیلی ہے یعنی حضرت علی کرم اللہ تعالی وجہہ الکریم کو حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہما سے افضل مانتا ہے تو اُس کے جنازے کی نماز بھی نہیں پڑھنی چاہیے کیونکہ متعدد حدیثوں میں بدمذہبوں کے بارے میں ارشاد ہوا: و لاتصلوا علیہم۔ ان کے جنازے کی نماز نہ پڑھو۔

(کنز العمال بحوالہ ابن النجار عن انس رضی اللہ عنہ رقم الحدیث ۳۲۵۲۹ مطبوعہ موسسۃ الرسالۃ بیروت ۱۱/۵۴۰)

آج کل کے شیعہ کم از کم تبرائی [صحابہ کرام کو برا بھلا کہنے والے] تو ضرور ہوتے ہیں لہذا آج کل جو کسی شیعہ کا جنازہ پڑھے تو وہ حرام کا مرتکب ہے۔ اس پر توبہ و استغفار کرنا ضروری ہے۔

**واللہ تعالی اعلم و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم**

**کتبہ ابوالحسن محمد قاسم ضیاء قادری**

**Question:**

What do the respected Ulama of the Noble Sharī’ah say regarding offering the funeral prayer of an individual from the shī’ah?

**Answer:**

**بسم اللہ الرحمن الرحیم**

**الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھابِ اللھم ھدایۃَ الحَق و الصواب**

If this shī’ah individual was a denier of matters that are known by necessity in the Dīn (Darūrīyāt al-Dīn) such as him having the false belief that the Qur’ān is missing some ayahs or sūrahs or that Sayyidūna ‘Alī (may Allāh ennoble his face) or other pure Imāms of the Prophetic Household are greater than any of the Prophets (may the peace and blessings of Allāh be upon them all), then he is a

disbeliever, an apostate, and offering his funeral prayer is a definite harām and a severe sin.

Allāh (Most Transcendent is He) says:

“**And never pray over any of their dead, and do not stand over his grave. No doubt, they rejected Allah and His Messenger and died while they were disobedient**.”

[Surah Al-Tawbah Verse 84]

If someone knowing the state of such a disbelieving shī’ah and aware of his affairs of disbelief considered him worthy of forgiveness and thus offered funeral prayer over him then such a person must renew his Islām, recite the declaration of faith and renew the marriage contract with his wife. Just as is mentioned in ‘Halbah’:

“Supplication of forgiveness for a disbeliever is kufr as it is seeking denial of that which Allāh has informed of.”

[Halbat al-Mujallī Sharh Munyat al-Musallī]

If this shī’ah was not a denier of Darūriyāt al-Dīn but he was tabarrā’ī (he abuses and curses the Noble Prophetic Companions may Allāh be pleased with them) then according to the vast majority of the Imāms and Jurists the offering of his funeral prayer is harām. Repentance and seeking forgiveness from Allāh is necessary upon the one who offered such a prayer, although renewal of his Islām is not, as is mentioned in Khulāsah, Fath al-Qadīr, Tanwīr al-Absār, Al-Durr al-Mukhtār and al-Fatāwā al-Ridwiyyah.

If the individual was a tafdīlī and not more  one who believes Sayyidunā ‘Alī (may Allāh ennoble his face) to be superior to Sayyidunā Abū Bakr (may Allāh be pleased with him) then funeral prayer over him should also not be offered because it has been mentioned in numerous ahādīth about the heretical deviants that:

“Do not offer [funeral] prayer over them”

[Kanz al-‘Ummāl, Hadīth 32529]

The Shī’ah of our time are indeed at least tabarrā’ī (those who abuse and curse the Noble Prophetic Companions may Allāh be pleased with them) therefore anyone who offers funeral prayer over a shī’ah is committing harām, repentance and seeking forgiveness from Allāh is necessary upon that person.

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

**کتبہ ابوالحسن محمد قاسم ضیاء قادری**